# RAMPUR STATE GAZETTE

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم


نمبر ۱۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۴۳


### فہرست مضامین

| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | تبادلہ باہمی منصرم میگزین و صوبیدار تھرڈ بٹالین علی غول .... | ۱ و ۲ |
| ۲ | رخصت ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ بلاسپور ........ | ۲ |
| ۳ | رخصت صوبیدار تھرڈ بٹالین علی غول ........ | ۲ |

### آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ عرائض منصرم میگزین سید قیصر شاہ ولد سید نظام شاہ و صوبیدار احمد اسد خان تھرڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری علی غول واضح ہوا کہ آپس میں تبدیلی چاہتے ہیں چونکہ کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج کو حسب رپورٹ مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء کی تبدیلی پسند ہے۔ لہذا احمد اسد خان

بجائے منصرم میگزین اور سید قیصر شاہ منصرم میگزین بجائے احمد اسد خان معہود بدستور بحال ہوں۔ اپنی اپنی موجودہ تنخواہ نہیں پائینگے بلکہ پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ جو منصرم قیصر شاہ کو ملتی ہے احمد اسد خان کو اور تیس روپیہ ماہوار تنخواہ جو احمد اسد خان کو ملتی ہے سید قیصر شاہ کو دیجائے۔ تاریخ کارکردگی سے نسبت تنخواہ عملدرآمد ہو۔

---

## ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

## رخصت

۸ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن رخصت یک ہفتہ محمد بخش اسپیشل اسسٹنٹ شفاخانہ بلاسپور بکارکردگی رشید الحق کمپونڈر شفاخانہ مذکور منظور کی گئی۔

## ملخص بریگیڈ آرڈر اجلاس صاحب کرنیل بہادر کمانڈنٹ افواج

## رخصت

۲۲ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین اسسٹنٹ انفنٹری علی غول صوبیدار محمد حسن شاہجہان تھرڈ بٹالین نمبر ۳۳ کی رخصت پندرہ یوم ۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۱ء سے ۱۲ مارچ تک بضرورت منظور کی گئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا